سوال

(352)ایک وتر پڑھنا گمراہی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص حنفی المذہب کہتا ہے۔ کہ ایک وتر پڑھنا گمراہی ہے۔ ایسے شخص کے پیچھے نماز درست نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک وتر پڑھنا حدیث شریف میں آیا ہے۔ (بخاری شریف) جو شخص جان بوجھ کر حدیث کو گمراہی کہے وہ خود گمراہ ہے۔ امام احمد کا قول ہے کہ ایک رکعت وتر سنت (زیادہ ثابت) ہے نماز بحکم قرآن وحدیث ہر مسلمان کے پیچھے جائز ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص554

محدث فتویٰ